10.03.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......آسیہ میمونہ

Music

☆ کابینہ نے جل جیون مشن کو دسمبر 2028 تک توسیع دینے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے بھارت کے زمینی سرحد شیئر کرنے والے ممالک کیلئے، غیرملکی براہِ راست سرمایہ کاری کے ضوابط کو سہل کیا ہے۔

☆ حکومت نے تمل ناڈو میں مدورائی ہوائی اڈّے کو بین الاقوامی ہوائی اڈّہ قرار دینے کی تجویز کو بھی منظوری دے دی۔ اترپردیش میں Jewar بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے دلّی اور فریدآباد کو منسلک کرنے کے گرین فیلڈ روڈ پروجیکٹ کو بھی منظور کرلیا گیا ہے۔

☆ مرکز نے یقین دہانی کرائی ہے کہ مغربی ایشیا کی جاری لڑائی کے دوران، اندرونِ ملک صارفین کیلئے توانائی کی کوئی قلت نہیں ہے۔ تیل کی کمپنیوں نے LPG کی پیداوار بڑھا دی ہے۔

☆ لوک سبھا میں، اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے کی قرارداد پر بحث ہوئی۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ Basel میں شروع ہوگیا ہے۔ بھارتی کھلاڑی کَل سے اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

Cabinet

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی کابینہ نے آج جل جیون مشن کو دسمبر 2028 تک توسیع دینے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے بھارت کے زمینی سرحد شیئر کرنے والے ممالک کیلئے، غیرملکی براہِ راست سرمایہ کاری کے ضوابط کو بھی سہل کیا ہے۔ جل جیون مشن کیلئے اضافہ شدہ تقریباً 8اعشاریہ 7صفر لاکھ کروڑ روپئے مختص کئے گئے ہیں۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے، جل جیون مشن JJM کی تشکیل نو اور اُس کے نفاذ کو زیادہ بارآور کرنے کی جل شکتی وزارت کی تجویز کو منظوری دی ہے، جس میں بنیادی ڈھانچے کو تشکیل دینے سے لے کر خدمت کی فراہمی تک کے امور شامل ہے۔

S/B 2045 New Vaishnav Jal Jivan 2.0

جناب ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے، تمل ناڈو میں مدورائی ہوائی اڈّے کو، ایک بین الاقوامی ہوائی اڈّہ بنانے

کی تجویز کو بھی منظوری دے دی ہے۔مدورائی کے مندروں کے شہر میں یہ ہوائی اڈّہ واقع ہے اور یہ ریاست میں قدیم ترین ہوائی اڈّوں میں سے ایک ہے۔

S/B 2045 Vaishnaw Madurai Airport-F

اِسی دوران، آج اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی CCEA نے، دلّی–ممبئی ایکسپریس وے کے دلّی–فریدآباد– بلبھ گڑھ– سوہنا شاہراہ سے اترپردیش کے گوتم بدھ نگر ضلع میں واقع، Jewar بین الاقوامی ہوائی اڈّے تک گرین فیلڈ روڈ کنکٹی ویٹی کی تعمیر کیلئے، تین ہزار 630اعشاریہ سات سات کروڑ روپے کی نظرثانی شدہ مجموعی سرمایہ جاتی لاگت کو منظوری دے دی ہے۔اِس پروجیکٹ پر اترپردیش اور ہریانہ میں ہائی برڈ Annuity موڈ پر کام کیا جائے گا۔

CCEA نے، قومی شاہراہ– 752ڈی کے Badnawar-Petlawad-Thandla-Timarwani سیکشن سے چار لین کے ایک کوریڈور کی ترقی کیلئے بھی اپنی منظوری دے دی۔

S/B 2045 Ashwini Jewar Airport

CCEA نے، مغربی بنگال میں Santragachi-Kharagpur سیکشن پر چوتھی ریلوے لائن کی تعمیر اور مغربی بنگال اور جھارکھنڈ کو منسلک کرنے والی Sainthia جکشن – پاکور لائن کی تعمیر کی بھی منظوری دے دی ہے۔x

Rev. Govt. LPG Supplay

حکومت نے اس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ گھریلو صارفین کیلئے ایندھن کی کوئی قلت نہیں ہے اور اِس کیلئے گھبرانے کی قطعی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت، ملک کے گھریلو صارفین کو کفایتی قیمت پر بلا رکاوٹ ایندھن کی فراہمی کے تئیں پُرعزم ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت کی ایندھن کی درآمدات، مختلف وسائل اور روٹس کے ذریعے مسلسل جاری ہیں۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے........

VC Aman Yadav

ایندھن اور LPG کی فراہمی میں موجودہ جغرافیائی و سیاسی رکاوٹوں کے تناظر میں حکومت نے ترجیحی شعبوں کیلئے پیداوار کو منظم کرنے، سپلائی کو برقرار رکھنے، مساوی تقسیم اور قدرتی گیس کی دستیابی کیلئے ضروری اشیاء کے قانون 1955 کو نافذ کیا ہے۔ نافذ کیے جا رہے اس قانون کے مطابق یہ سپلائی ان کی گزشتہ چھ ماہ کی اوسط گیس کی کھپت کے 100فیصد تک آپریشنل دستیابی سے مشروط رکھی جائے گی۔ یہ گھریلو صارفین کو CNG اور PNG کی 100فیصد فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرتا ہے، جبکہ دیگر صنعتوں کو ان کی سپلائی کا 70 سے 80فیصد ملنا جاری ہے۔ حکومت نے کنبوں کے گھریلو LPG کی فراہمی کو ترجیح دی ہے اور ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکٹنگ سے بچنے کیلئے 25دن کی انٹر بکنگ مدّت متعارف کروائی ہے۔

اس کے علاوہ ضروری غیر گھریلو شعبوں جیسے اسپتالوں اور تعلیمی اداروں کیلئے درآمد شدہ LPG کی غیر گھریلو

سپلائی کو ترجیح دی جا رہی۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ آئل مارکٹنگ کمپنیوں کے تین ایگزیکیوٹو ڈائریکٹرز کی ایک کمیٹی بنائی گئی ہے، جو ریستوراں، ہوٹلوں اور دیگر صنعتوں سمیت، دیگر غیر گھریلو شعبوں کو LPG کی سپلائی سے متعلق نمائندگیوں کا جائزہ لے گی۔

آرزو، اَمن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے شاہد حبیب

Indian Oil LPG Supply

انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ، ہندوستان پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ اور بھارت پیٹرولیم نے کہا ہے کہ ایل پی جی گیس کی پیداوار میں اضافے کیلئے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں اور گھریلو استعمال کے صارفین کیلئے فراہمی کو ترجیح دی جا رہی ہے ساتھ ہی غیر گھریلو استعمال کے شعبوں جیسے اسپتال اور تعلیمی اداروں کو فراہمی میں بھی ترجیح دی جا رہی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ مین ان تین کمپنیوں نے کہا ہے کہ دوسرے غیر گھریلو شعبوں کی درخواستوں کا ان تیل کمپنیوں کے ایگزیکیٹو ڈائریکٹرز کی ایک کمیٹی جائزہ لیکر اور ضرورت و دستیابی کی بنیاد پر انھیں اہمیت دی جا رہی ہے۔

تیل کمپنیوں نے کہا ہے کہ دیگر شعبوں کے ضروری مطالبات کی درخواستیں تیل کمپنیوں کی درج ذیل ای میل آئی ڈیز پر بھیجی جائیں :

Indane careho@ indian oil. in

ED LPG@Bharat Petroleum.in

LPG.SBU.Head@ HPCL.IN

Rajya Sabha Discussion

راجیہ سبھا میں دیہی ترقی کی وزارت کے کام کاج پر بحث ہوئی۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ K Laxman نے کہا ہے کہ وکست بھارت G رام G بل نے گاؤں میں لوگوں کی زندگی کو بہتر بنایا ہے۔ انھوں نے اِس کی ایک بہت شفاف اسکیم ہونے کے طور پر ستائش کی۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ پردھان منتری آواس یوجنا–گرامین کے تحت، حکومت نے نہ صرف ضرورتمندوں کیلئے پکّے مکانات تعمیر کئے ہیں بلکہ اُنھیں وقار بھی فراہم کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مُدرا اور اُجولا جیسی اسکیموں نے دیہی علاقوں میں لوگوں کی زندگیوں کو تبدیل کیا ہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کی رکن پارلیمنٹ رجنی پاٹل نے رائے ظاہر کی کہ مرکزی بجٹ میں دیہی ترقی کیلئے مختص رقم کافی نہیں ہے۔

انھوں نے واضح کیا کہ کسان افراطِ زر اور بیروزگاری کے ساتھ جدوجہد کر رہے ہیں اور اُنھیں ہر طرح کی مدد فراہم کی جانی چاہیئے۔ بحث نامکمل رہی۔ آج کی کارروائی کے بعد، راجیہ سبھا کی کارروائی کَل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

اِس سے قبل دن میں، ایوانِ بالا میں ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کی وزارت کے کام کاج پر بحث کی گئی۔x

LS Resolution

آج لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے کی اپوزیشن کی قرار داد پر بحث ہوئی۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر محمد جاوید نے دوپہر بارہ بجے، ایوان کی کارروائی پہلی مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد دوبارہ شروع ہونے پر، یہ قرار داد پیش کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اسپیکر اوم برلا نے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی اور دیگر اپوزیشن لیڈروں کو ایوان میں اپنے خیالات رکھنے کی اجازت نہیں دی اور اپوزیشن کی خواتین ارکانِ پارلیمنٹ کے خلاف غیر ضروری الزامات لگائے۔ جناب جاوید نے یہ بھی الزام لگایا کہ جناب برلا، ایوان کے تمام زمروں کا اعتماد برقرار رکھنے کی غرض سے مطلوبہ غیر امتیازی سلوک برقرار رکھنے میں ناکام رہے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اپوزیشن کے الزامات کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا کہ اسپیکر اوم برلا نے ایوان کی کارروائی، غیر امتیازی طریقے پر منعقد کی۔ BJP کے رکن پارلیمنٹ نیشی کانت دوبے، کانگریس کے گورو گگوئی اور منیش تیواری، سماجوادی پارٹی راجیور ائے، ترنمول کانگریس کی موّا موئترا، DMK کے ٹی آر بالو، شیو سینا کے شری کانت ایکناتھ شندے سمیت بہت سے اراکینِ پارلیمنٹ میں بحث لیا۔ بحث مکمل نہیں ہوسکی۔ بعد میں لوک سبھا کی کارروائی کل صبح گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ x

LS Operation Kavach

دلّی پولیس نے قومی راجدھانی کو منشیات سے پاک کرنے کی غرض سے، آپریشن Kavach کے تحت، پچھلے ڈھائی سالوں میں دو ہزار 640منشیات کی ناجائز تجارت کرنے والوں کو گرفتار کیا ہے۔ خصوصی کارروائیاں شہر کے مختلف حصوں میں کی گئی ہیں اور دلّی ایکسائز قانون کے تحت ایک ہزار 690معاملات اور Narcotics Drugs and Psychotropic Substandces Act کے تحت 851معاملات درج کئے گئے ہیں۔ امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیہ نند رائے نے یہ بات آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ دلّی پولیس کے ذریعے چرس، افیون، گانجا، اسمیک، ہیروئن، خشخاش اور کوکین جیسی 17ہزار کلو گرام سے زیادہ منشیات ضبط کی گئی ہیں۔x

PM Rail

وزیر اعظم نریندر مودی تمل ناڈو کے Truchirapalli سے دو امرت بھارت ایکسپریس ٹرین، دو ایکسپریس ٹرین اور ایک پیسنجر ٹرین نیز کیرالہ کے ارناکلم سے ایک پیسنجر ٹرین کو کل جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا کہ اِن نئی ٹرین خدمات سے تمل ناڈو، کیرالہ، آندھراپردیش، تلنگانہ، اڈیشہ اور جھارکھنڈ میں مسافروں کو فائدہ پہنچے گا۔x

Railways Project

بھارتی ریلوے نے مشرقی ساحل، جنوب وسطی اور مغربی ریلوے زون کیلئے 765 کروڑ روپے سے زیادہ

کے بنیادی ڈھانچے اور ٹیکنالوجی سے متعلق جدید کاری کے کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ اِن پروجیکٹوں کا مقصد ریلوے آپریشن کو تقویت دینا، مال برداری کی صلاحیت کو بڑھانا اور نیٹ ورک کے اہم سیکشنز پر مواصلاتی نظام کی جدید کاری کرنا ہے۔ x

Patil FICI

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے جل جیون مشن کی تکمیل کیلئے اضافی ایک اعشاریہ پانچ ایک لاکھ کروڑ روپئے کی مرکزی کابینہ کے ذریعے منظور کئے جانے کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے صنعت پر زور دیا کہ وہ آبی تحفظ اور آبی ذخیرے کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اپنائیں۔ انھوں نے یہ بات نئی دلّی میں بھارتی صنعت کے آبی کنکلیو کے 11ویں ایڈیشن اور 13ویں FICCI واٹر ایوارڈس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جل شکتی کے وزیر نے یہ بھی اجاگر کیا کہ حکومت، دریائے سندھ کے نظام سے اضافی پانی کو، پنجاب، جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، ہریانہ، دلّی اور راجستھان کو فراہم کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے تاکہ پانی کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔x

Jaishankar German FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے جرمن وزیر خارجہ Johann Wadephul سے بات کرکے مغربی ایشیا میں جاری تصادم پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اسے شیئر کیا ہے۔x

Sitharaman NDB Prez

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج نئی دلّی میں نئے ترقیاتی بینک NDB کی صدر Dilma Rousseff سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران، فریقین نے بھارت کے نجی شعبے اور NDB کے درمیان گہری مصروفیات پر تبادلۂ خیال کیا جس میں نجی سرمایہ کو متحرک کرنا، پیشرفت اور ترقی کرنے کیلئے بینک کی ضرورت کے ساتھ ساتھ مقابلہ جاتی بنے رہنا شامل ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بہترین عالمی عوامل، مہارت اور ٹیکنالوجی، کثیر جہتی ترقیاتی بینکوں سے استفادہ کرکے، اہم بنیادی ڈھانچوں کے شعبے میں نہ صرف اختراعی حل حاصل کئے جاسکتے ہیں بلکہ یہ فائدہ شہری ترقی اور منصوبہ بندی کے شعبوں میں بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر محترمہ Rousseff نے وکست بھارت کے ملک کے وژن کی ابھرتی ہوئی معیشتوں کیلئے سنگ میل کے طور پر ستائش کی۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ نیا ترقیاتی بینک، اِس وژن کی حمایت کرنا چاہتا ہے نیز نقل وحمل کے نظام کو مربوط کرنے اور صحت دیکھ بھال جیسے علاقوں میں بھارت کے کامیاب اقدامات کو دیکھنا چاہتا ہے۔x

WB Gyanesh Kumar

بھارت کے چناؤ کمیشن ECI نے کہا ہے کہ اِس کا بنیادی مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ مغربی

بنگال میں تمام رائے دہندگان آنے والے اسمبلی انتخابات میں تشدد اور خوف سے پاک ماحول میں اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر گیانیش کمار نے آج اِس بات کو واضح کیا کہ انتخابی پینل رائے دہندگان کو کسی بھی طرح سے ڈرانے دھمکانے کو برداشت نہیں کرے گا اور اِس طرح کی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرے گا۔ انھوں نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ کمیشن انتخابات سے پہلے یا انتخابات کے بعد، کسی بھی طرح کے تشدد کو برداشت نہیں کرے گا۔ جناب کمار نے یہ بات کولکتہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے، ریاست کے تین روزہ دورے کے مکمل ہونے کے بعد ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر کی زیر قیادت ECI کی ٹیم نے دورے کے دوران ریاست کی انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیا۔x

West Asia Conflict

امریکہ—اسرائیل اتحاد اور ایران کے درمیان لڑائی 11ویں دن میں پہنچ گئی ہے۔ اِس کے ساتھ ہی پینٹاگن نے گذشتہ 12 گھنٹوں کو، کارروائی کے آغاز کے بعد سے، ایرانی ٹھکانوں کے خلاف حملوں کیلئے انتہائی شدید قرار دیا ہے۔ امریکہ کے وزیر دفاع Pete Hegseth نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ یہ فوجی مہم ایران کے میزائل اور ڈرون کی صلاحیتوں کو ختم کرنے پر مرکوز ہے کیونکہ سرحدی علاقائی سکیورٹی کی صورتحال بدستور بگڑ رہی ہے۔ بڑھتے ہوئے دباؤ کے باوجود ایران کی حملہ کرنے کی سرگرمیوں میں تیزی سے کمی آئی ہے۔ مہم کے آغاز کے بعد سے، میزائل کے حملوں میں تقریباً 90فیصد کی کمی اور ڈرون کو لانچ کرنے کی کارروائیوں میں تقریباً 83فیصد کی کمی ہوئی ہے۔

البتہ ایران اپنے پڑوسی ملکوں پر حملے کر رہا ہے جن کے بارے میں اُس کا سوچنا ہے کہ وہ امریکہ اور اسرائیل کے اتحادی ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا ملک غیر معینہ مدت کیلئے کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے تیار ہے، جو کہ صدر ٹرمپ کے بیان کے برعکس ہے، جن کا کہنا ہے کہ لڑائی کسی حد تک مکمل ہوگئی ہے اور یہ جلد ہی ختم ہوسکتی ہے۔

مزید تفصیلات ہمارے نمائندے سے

VC Vinod Kumar

متحدہ عرب امارات میں گزشتہ بارہ گھنٹے کے دوران صورتحال نے تنازعہ کو توجہ کا مرکز بنا دیا ہے۔ وزارت دفاع نے تصدیق کی ہے کہ 8بیلسٹک میزائل اور 26ڈرون کو ملک کے مختلف حصوں میں روکا گیا اور انھیں تباہ کر دیا گیا۔ جبکہ ایک دیگر میزائل سمندر میں جا گرا۔

متحدہ عرب امارات کی سب سے بڑی Ruwais ریفائنری کو اِس کے قریب ڈرون حملے کے نتیجے میں لگی آگ کے سبب احتیاطاً عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ اِس میں فی الحال کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ متحدہ عرب امارات کی حکومت، تنازعہ میں شامل نہ ہونے کے اپنے مؤقف پر قائم ہے۔

حکام نے اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی فورمس کو واضح کیا ہے کہ اُس کی سرزمین کو ایران کے خلاف حملوں کیلئے Base کے طور پر استعمال نہیں کرنے دیا جائے گا اور ملک، کشیدگی کو کم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ حکام

نے پورے ملک میں تمام ڈرونز اور ہلکے اسپورٹس طیاروں کی پرواز پر بھی پابندی عائد کر دی ہے۔
دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد شہزاد

Swiss Open Badminton

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے مایۂ ناز کھلاڑی کدامبی سری کانت اور اُنتی ہُڈا، بھارت کی قیادت کریں گے۔ یہ ٹورنامنٹ آج سوئزرلینڈ کے شہر Basil میں شروع ہوگیا ہے۔ سوئس اوپن میں دو بار کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو حصہ نہیں لے رہی ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں سری کانت، کل ہانک کانگ کے Jason Gunawan کے ساتھ کھیلیں گے۔

مردوں کے ڈبلز میں عالمی نمبر چار، ساتوک سائیراج رینکی ریڈی اور چراغ شیٹی، سنگاپور کے Eng Keat Wesley Koh اور Junsuke Kubo کا سامنا کریں گے۔ ہری ہَرن Amsakarunan اور ایم آر ارجن کی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی، چینی تائیپی کے Chen Zhi Ray اور Lin Yu Chieh سے مقابلہ کرے گی۔

خواتین کے سنگلز میں اُنتی ہُڈا، چینی تائیپی کی کھلاڑی Chiu Pin-Chian سے مقابلہ کریں گی، جبکہ Malvika Bansod، تھائی لینڈ کی Pornpawee Chochuwong کا سامنا کریں گی۔

خواتین کے ڈبلز میں ٹرِیسا جولی اور گائیتری گوپی چند پُولیلا، چینی تائیپی کی جوڑی Hu Ling Fang اور Zheng Yu Chieh سے مقابلہ کریں گی۔

مِکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کا مقابلہ ڈنمارک کے Jesper Toft اور Amalie Magelund سے ہوگا، جبکہ روہن کپور اور Gadde Ruttivika کا مقابلہ تھائی لینڈ کے Ruttanapak Oupthong اور Jhenicha Sudjajpraparat سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆